© rasailojaraid.com



خصوصی انعام یافتہ۔ اپنے موضوع کے مختلف پہلوؤں پر حاوی، طرزِ تحریر سہل، دلچسپ اور نافع، صفحات ۸۴ ۔ عمدہ اور جاذبِ نظر ٹائیٹل ملنے کا پتہ! مکتبہ انوار مدینہ (مسجد صدیق اکبر) محلہ صدیق آباد اپر چنئی مانسہرہ

نیز اسی ادارہ سے "مصباح البیان فی دوران القرآن" مولفہ مولانا قاضی مہدی الزمان صاحب بھی وصول ہوئی جس کا پیش لفظ بھی قاضی محمد اسرائیل صاحب نے لکھا ہے۔

## فتاویٰ عالمگیری مترجم جلد ۲۰

حضرت العلامہ مولانا محمد صادق مغل مدظلہ العالی کی شبانہ روز کوشش محنت اور دیدہ ریزی سے علمی قانونی اور فقہی حلقے فتاویٰ عالمگیریہ کے دفعہ وار شق اردو ترجمہ سے مستفید ہو رہے ہیں الحق کے قارئین کے لیے یہ کوئی نیا تعارف نہیں، اب تو صرف اطلاعاً عرض ہے کہ فتاویٰ عالمگیری مترجم اردو مع عربی متن، محشی، نمبروار احکام کے ساتھ، عکسی، اشاعت میں اس سلسلہ کی بیسویں نئی جلد نمبر ۲۰ جو بیع، سود، قرض اور ذخیرہ اندوزی وغیرہ کے احکام پر مشتمل ہے شائع ہو گئی ہے۔

جس میں بیع کی تعریف، اس کا رکن، اس کی شرط، اس کا حکم، اس کی قسموں، جانوروں وغیرہ کے عیوب کی پہچان، وہ شئی جس کی بیع جائز ہوتی ہے اور جس کی بیع جائز نہیں ہوتی، جانوروں کی بیع، مُحرِم شخص کی بیع شکار، حرام شئی کی بیع، بیع میں ربا یعنی سود قرار پانا، پانی اور قدرتی برف کی بیع، ان چیزوں کی بیع جو دوسری چیزوں سے ملی ہوئی ہوں، بیع میں استثناء، قرض، قرض لینا، کوئی چیز بنوا کر لینا، مکروہ بیوع، فاسد منافع، راستہ میں بیٹھ کر خرید و فروخت کرنا اور احتکار یعنی منافع خوری کیلئے ضروریات کی مضر ذخیرہ اندوزی کے متعلق اردو اور عربی میں مستند احکام کا بیان ہے کاغذ اعلیٰ سفید، ٹائیٹل آرٹ پیپر دو رنگہ، جلد ڈائی دار ریگزین، قیمت علاوہ محصول ڈاک ۹۹ روپے۔ ملنے کا پتہ! نوید صادق مغل ناظم مجلس منتظمہ فتاویٰ عالمگیریہ اعوان ٹاؤن نئی آبادی ۳۱ گرجا روڈ جی پی او راولپنڈی

## جامع فہرست فتاویٰ عالمگیری

فتاویٰ عالمگیری مترجم اردو، حامل المتن، محشی نمبر وار احکام کے ساتھ، اب تک طبع شدہ "تیئیس کتب" جو "پانچ ہزار دو سو چوالیس صفحات" پر مشتمل اور "پانچ سو ترانوے عنوانات" کی ذیل میں "تیرہ ہزار سات سو باسٹھ احکام" پر محیط ہیں اور متعلقہ کتب میں ان کی فہرستیں اردو اور عربی میں الگ الگ درج ہیں، مولانا محمد صادق مغل صاحب مدظلہ نے بعض احباب کی تجویز پر یہ طے کیا کہ مذکورہ ہزاروں صفحات میں جو سینکڑوں عنوانات اور ان کے ہزارہا احکام پھیلے پڑے ہیں ان میں سے کسی بھی عنوان کے تحت کسی مسئلہ کا حکم و حوالہ تلاش کرتے میں سہولت کی خاطر اس کی ضرورت تھی کہ طبع شدہ سبھی کتب کی تفصیلی فہرستیں یکجا کر کے ایک "جامع فہرست" بھی طبع ہو تا کہ حسبِ ضرورت مطلوبہ عنوان اور اس میں مطلوبہ مسئلہ کا حکم و حوالہ دریافت کرنے میں مزید آسانی رہے، چنانچہ جامع فہرست ہو چکی ہے سائز $\frac{20\times30}{8}$، کاغذ اعلیٰ سفید، ٹائیٹل دیدہ زیب، قیمت چار سو روپے مندرجہ بالا پتہ سے دستیاب ہے



© rasailojaraid.com